ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ ہندو مسلم تہذیب و ثقافت میں کوئی فرق نہیں۔(وفاقی وزیر تعلیم جاوید اشرف قاضی)

۱۹۴۷ء اور ۲۰۰۶ء کی مسلم لیگ کی سوچ میں یہی فرق ہے۔

☆ نواز شریف اور بے نظیر میں ٗ میثاقِ جمہوریت طے پا گیا۔(ایک خبر)

''توریئے کے تیل کا تڑکا ٗ چنے کی دال میں''

☆ امریکہ نے پاکستان کی امداد کم کر دی۔(دفتر خارجہ)

ہم نہ کہتے تھے کہ اُس کوچے میں نہ جانا ٗ جاناں!

☆ گوانتاناموبے جیل میں ۳ قیدیوں کی خودکشی جنگی حربہ ہے۔(امریکی کمانڈر)

خودکشی نہیں قتل......تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو!

☆ دیگر مذاہب کی کتابیں پڑھنے میں کوئی نقصان نہیں۔(جاوید اشرف قاضی)

مگر اُس وقت جب اپنے مذہب پر پورا عبور حاصل ہو جائے۔

☆ ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے قربان علی شاہ کو شوگر ملوں کی منافع خوری پر بات کرنے سے روک دیا۔(ایک خبر)

کہ اس میں کچھ پردہ نشینوں کے بھی نام آتے ہیں

☆ اخلاقی و مالی کرپشن میں ملوث کسی اہلکار کو برداشت نہیں کریں گے۔(ڈی پی او ملتان)

باقی کیا بچے گا، ملک کیسے چلے گا؟

☆ اسلام کے چند ٹھیکیداروں نے عوام کو ثقافت سے دور کیا۔(جاوید اشرف قاضی)

کفر کے ٹھیکیداروں نے عوام میں عریانی و فحاشی کو فروغ دیا۔

☆ انڈونیشیا میں زلزلے سے ہزاروں افراد ہلاک۔(ایک خبر)

بنا بنا کے جو دنیا مٹائی جاتی ہے
ضرور کوئی کمی ہے کہ پائی جاتی ہے

☆ چودھریوں کے پاس صرف چودھری ہے۔میرے پاس ۴۰ چور ہیں۔(پیر پگاڑا)

جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی!